# مقدس جگہ   حصہ ششم

کاپی رائٹ ہیلن شرمپٹن 2019 تمام جملہ حقوق محفوظ

www.crystalsandcrochet.com




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## تمام نمونہ امریکی انگریزی میں لکھا گیا

## مخفف

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| St, sts | ٹانکا، | Sc | سادہ ٹانکا | Bl | اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں |
| R | چکر | Hdc | آدھا بڑا ٹانکا | Fl | ا وپری زنجیر کے اگلے حصے میں |
| Ch | ٹانکا زنجیر | Dc | بڑا ٹانکا | Bp | ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے |
| Sl-st | گم ٹانکا | Tr | دو بل ٹانکا | Fp | ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے |
| | | Dtr | تین بل ٹانکا | | |

اشارے آپ کی سہولت کے لئے دئے گئے ہیں جو امید ہے کہ نئے بنانے والو کے لئے آسانی کا باعث ہوگے ۔

(p) تصاویر کو اعداد سے ظاہر کیا گیا ہے

دو ستاروں کے درمیان دی گئی ہدایات کو بتائی گئی تعداد میں دہرائیں * *

یہ عام طور پر مکمل طرف کی دہرائی ہوتی ہے جس میں کئ طرح کی ہدایات شامل ہوتی ہیں

بریکٹ کے اندر دی گئی ہدایات کو بتائی گئی تعداد میں دہرائیں()

یہ عام طور پر نچلے درجے کی دہرائی ہوتی ہے

اس نمونے میں کئ خصوصی ٹانکے استعمال کئے گئے ہیں ۔معلومات کے لئے میرے یو ٹیوب چینل پہ معلومات حاصل کر سکتے

YouTube Channel Special Stitches

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

## خصوصی ٹانکے

**وی ٹانکا - V Stitch**

( بڑا ٹانکا - ایک زنجیر ٹانکا - بڑا ٹانکا) بتائے گئے ٹانکے یا جگہ میں بنائی

**پھولی مکئی ٹانکا - Popcorn**

بتائے گئے ٹانکے میں پانچ بڑے ٹانکے بنائیں - پھندے سے ہک نکال کر پہلے بڑے ٹانکے کی اگلی طرف سے پیچھے کو جائے ہوئے چھوڑے ہوئے پھندے کو کھینچ لیں - ایک زنجیر ٹانکا بنا کر ٹانکا مکمل کر لیں - ٹانکے کو مکمل کرنے والا ایک زنجیر ٹانکا بعد میں بنائی جانے والے زنجیر ٹانکوں کی گنتی میں شامل نہیں کیا جاتا ہے -

**شروعاتی پھولی مکئی ٹانکا** بنانے کے لئے کھڑا بڑا ٹانکا یا تین زنجیر ٹانکے بنائیں - یہ پھولی مکئی ٹانکے کا پہلا ٹانکا شمار ہوگا -

**اٹھہتروان چکر -**

پانچ بڑے ٹانکوں سے بنے سیپی ٹانکے کے آخری بڑے **ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے کھڑا بڑا ٹانکا** بنائیں - تصویر نمبر ایک دیکھئے -

(اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں - **اگلے ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بڑا ٹانکا** بنائیں - اگلے **ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے**

**آدھا بڑا ٹانکا** بنائیں - اگلے **ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے سادہ ٹانکا** بنائیں - اگلے **ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے آدھا بڑا ٹانکا** بنائیں - اگلے **ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بڑا ٹانکا** بنائیں -) تصویر نمبر دو دیکھئے - ایک سو اٹھائیس بار دہرائیں آخری دہرائی میں آخری ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے کو چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو مت کاٹیں -

ٹانکے شمار کریں - ایک سو اٹھائیس ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے - دو سو چھپن ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے آدھے بڑے ٹانکے - دو سو چھپن ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے -




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

اشارہ ۔ بڑھائے جانے والے ہر آدھے بڑے ٹانکوں کے دوسرے آدھے بڑے ٹانکے میں نشان بکسوہ لگائیں اس سے ٹانکے شمار کرنے میں آسانی ہوگی ۔


**اناسیواں چکر ۔**

ایک زنجیر ٹانکا بنائیں اور اس ہی ٹانکے میں دو آدھے بڑے ٹانکے بنائیں ۔ تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔

اگلے اکتیس ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے ٹانکے میں دو آدھے بڑے ٹانکے بنائیں ۔) تصویر نمبر دو دیکھئے(

بیس بار دہرائیں ۔ آخری دہرائی میں آخری دو آدھے بڑے ٹانکے چھوڑتے ہوئے پہلے آدھے بڑے ٹانکے میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریئں ۔ فی دہرائی تینتیس آدھے بڑے ٹانکے ۔








اطمینان سے نشان بکسوہے درست جگہ میں لگائیں ۔ کام کو سیدھا بچھاکر تصویر میں دکھائے گئے تیر کے نشان کے مطابق نشان بکسوہ لگائیں ۔ یہ آپ کے کام کا اوپری درمیان ہے ۔

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.




اشارہ ۔ نشان بکسوہے مناسب وقفوں سے لگائیں ۔ اس سے ٹانکے شمار کرنے میں آسانی ہوگی ۔

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

**اسیواں چکر ۔**

نشان بکسوہے والے ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔ تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔ اگلے ستتر ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں (اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں اگلے ٹانکے میں (دو تین بل ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ ایک زنجیر ٹانکا بنائیں) تین بار

دہرائیں ۔اگلے ٹانکے میں دو تین بل ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ اگلے ٹانکے میں (ایک زنجیر ٹانکا ۔ دو ۔تین بل ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ) تین بار دہرائیں ۔ اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے ایک سو چھپن ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں) تصویر نمبر دو دیکھئے ۔ چار بار دہرائیں ۔ آخری دہرائی میں آخری اٹھہتر سادہ ٹانکے چھوڑتے ہوئے پہلے کھڑے سادہ ٹانکے میں گم ٹانکے سے جوڑ کر چکر مکمل کر لیں اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔ فی دہرائی ۔ ایک سو چھپن سادہ ٹانکے ۔ سات دو ۔ تین بل ٹانکوں کے جھنڈ ۔ ایک زنجیر ٹانکے والی چھ جگہ ۔




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

هر کونے پہ الگ الگ کام کیا جائے گا ۔ اون کے سروں کو چکر نمبر نوے کے بعد محفوظ کر لیں ۔

**اکیاسیواں چکر ۔**

کسی بھی کونے کے گروپ سے پہلے بنے ساتویں ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔ تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔ اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے ٹانکے میں آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے ٹانکے میں بڑا ٹانکا بنائیں ۔ (اگلے **ٹانکے کے گرد آگلی طرف سے بڑا ٹانکا** بنائیں ۔ ایک زنجیر جگہ میں دو بڑے ٹانکے بنائیں ۔) چھ بار دہرائیں ۔ اگلے **ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا** بنائیں ۔ اگلے ٹانکے میں بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے ٹانکے میں آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ تصویر نمبر دو دیکھئے ۔ ٹانکا بند کرکے اون کو کاٹ دیں

ٹانکے شمار کریں ۔ فی کونہ ۔ آٹھ سادہ ٹانکے ۔ دو آدھے بڑے ٹانکے ۔چودہ بڑے ٹانکے ۔ سات ٹانکے کے گرد ۔ اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

**بیاسیواں چکر ۔**

پچھلے چکر کے کھڑے سادہ ٹانکے سے پہلے بنے چکر نمبر اسی کے چوتھے ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔ تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔ اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا ۔ اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے بارہ ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے ٹانکے میں تین بڑے ٹانکے بنائیں ۔ اگلے بارہ ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے پانچ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ تصویر نمبر دو دیکھئے ۔ ٹانکا بند کرکے اون کو کاٹ لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔ فی کونہ ۔ دس سادہ ٹانکے ۔ چار آدھے بڑے ٹانکے ۔ ستائیس بڑے ٹانکے
۔




تراسیواں چکر ۔

پچھلے چکر کے کھڑے سادہ ٹانکے سے پہلے بنے چکر نمبر اسی کے چوتھے ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔ تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔ اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ (اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے ٹانکے میں ((تین بل ٹانکا ۔

ایک زنجیر ٹانکا) چار بار دہرائیں ۔ تین بل ٹانکا بنائیں ۔) اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔اگلے ٹانکے میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔)
پانچ بار دہرائیں ۔ اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا ۔ تصویر نمبر دو دیکھئے ۔ ٹانکا بند کرکے اون کو کاٹ لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔ فی کونہ ۔ چودہ سادہ ٹانکے ۔ پانچ سیپیاں تین بل ٹانکوں والی ۔ ایک زنجیر ٹانکے والی چار جگہ ۔




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

**چوراسیواں چکر ۔**

پچھلے چکر کے کھڑے سادہ ٹانکے سے پہلے چکر نمبر اسی کے چوتھے ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں تصویر نمبر ایک دیکھئے ۔ اگلے سات ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا ۔ اگلے **ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے سادہ ٹانکا** بنائیں ۔

(( اگلے **ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بڑا ٹانکا** بنائیں ۔ اگلی ایک زنجیر جگہ میں آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ ) چار بار دہرائیں ۔

اگلے **ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا** بنائیں ۔ اگلے **ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بڑا ٹانکا** بنائیں ۔) چار بار دہرائیں

(اگلے ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلی ایک زنجیر جگہ میں آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔) چار بار دہرائیں ۔


اگلے **ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بڑا ٹانکا** بنائیں ۔ اگلے **ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے سادہ ٹانکا** بنائیں ۔ اگلے آٹھ

ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ تصویر نمبر دو دیکھئے

**اشارہ ۔ خیال رہے کہ آخری بنانے گئے ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنےسادہ ٹانکے کے بعد آنے والا ٹانکا رہ نہ جائے ۔**

ٹانکا بند کرکے اون کو کاٹ لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔ فی کونہ ۔ سولہ سادہ ٹانکے ۔ دو ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے چار ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے کھڑے ٹانکے ۔ پانچ سیپیاں چار آدھے بڑے ٹانکوں اور پانچ ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے بڑے ٹانکوں کی







**اشارہ ۔ کام میں استحکام اور مضبوطی کے لئے پچھلے پھندے اور تیسرے پھندے سے ہک گزار کہ ٹانکا بنائیں**

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

**پچاسیواں چکر ۔**

پچھلے چکر کے کھڑے سادہ ٹانکے سے پہلے چکر نمبر اسی کے چوتھے ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے آٹھ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ (اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے ٹانکے میں بنائیں ۔ ((تین بل ٹانکا ۔ ایک زنجیر ٹانکا ۔)

چار بار دہرائیں تین بل ٹانکا) اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں اگلے تین ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں ایک

ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔) پانچ بار دہرائیں ۔ اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے ٹانکے میں بنائیں ۔ ((تین بل ٹانکا ۔ ایک زنجیر ٹانکا ۔) چار بار دہرائیں) اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں اگلے نو ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ ٹانکا بند کرکے اون کو کاٹ لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔ فی کونہ ۔ اٹھارہ سادہ ٹانکے ۔ پندرہ اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں بننے سادہ ٹانکے ۔ چھ سیپیاں پانچ تین بل ٹانکوں اور چار ایک زنجیر ٹانکے والی




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

**چھیا سیواں چکر ۔**

پچھلے چکر کے کھڑے سادہ ٹانکے کے سے پہلے بنے چکر نمبر اسی کے چوتھے ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے گیارہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے **ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے سادہ ٹانکا** بنائیں ۔ (اگلے **ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بڑا ٹانکا** بنائیں ۔ ایک زنجیر جگہ میں آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ چار بار دہرائیں ۔ اگلے **ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بڑا ٹانکا** بنائیں ۔ اگلے تین **ٹانکوں کے گرد اگلی طرف سے ایک ایک بڑا ٹانکا** بنائیں ۔) پانچ بار دہرائیں

( اگلے **ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بڑا ٹانکا** بنائیں ۔ ایک زنجیر جگہ میں آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔) چار بار دہرائیں ۔ اگلے

**ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بڑا ٹانکا** بنائیں ۔ اگلے **ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے سادہ ٹانکا** بنائیں ۔ اگلے بارہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔

اشارہ ۔ خیال رہے کہ آخری ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے کے بعد آنے والا ٹانکا رہ نہ جائے ۔

ٹانکا بند کرکے اون کو کاٹ لیں ۔

ٹانکے شمار کرلیں ۔ فی کونہ ۔ چوبیس سادہ ٹانکے ۔ دو ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے ۔ پندرہ ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے ۔ چھ سیپیاں ۔ چار آدھے بڑے ٹانکوں اور پانچ ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے ۔




اشارہ ۔ کام میں استحکام اور مضبوطی کے لئے پچھلے پھندے اور تیسرے پھندے سے ہک گزار کہ ٹانکا بنائیں

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

ستاسیواں چکر ۔

پچھلے چکر کے کھڑے سادہ ٹانکے سے پہلے چکر نمبر اسی کے چوتھے ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے بارہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں اگلے ٹانکے میں بنائیں ۔((تین بل ٹانکا ۔ ایک زنجیر ٹانکا ۔) چار بار دہرائیں ۔ اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔

(اگلے تین ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے چار ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے

ٹانکے میں بنائیں ۔((تین بل ٹانکا ۔ ایک زنجیر ٹانکا ۔) چار بار دہرائیں ۔) اگلے چار ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔) پانچ بار دہرائیں ۔ اگلے تین ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں اگلے ٹانکے میں بنائیں ۔((تین بل ٹانکا ۔ ایک زنجیر ٹانکا ۔) چار بار دہرائیں ۔) اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں اگلے تیرہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ ٹانکا بند کرکے اون کو کاٹ لیں ۔

ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی کونہ ۔ چھبیس سادہ ٹانکے ۔ اٹھارہ اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں بننے سادہ ٹانکے ۔ سات سیپیاں ۔

پانچ ۔ تین بل ٹانکوں اور چار ایک زنجیر ٹانکے والی جگہ کی ۔




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

**اٹھا سیواں چکر**

پچھلے چکر کے کھڑے سادہ ٹانکے سے پہلے چکر نمبر اسی کے چوتھے ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ (اگلے ٹانکے میں وی ٹانکا بنائیں ۔ اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔) تین بار دہرائیں ۔

((اگلے **ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بڑا ٹانکا** بنائیں ۔ اگلی ایک زنجیر جگہ میں آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔) چار بار دہرائیں ۔ اگلے **ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بڑا ٹانکا** بنائیں ۔ اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے ٹانکے میں وی ٹانکا بنائیں ۔ اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔) چھ بار دہرائیں

اگلے **ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بڑا ٹانکا** بنائیں ۔ ایک زنجیر جگہ میں آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔) چار بار دہرائیں ۔اگلے **ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بڑا ٹانکا** بنائیں ۔ (اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے ٹانکے میں وی ٹانکا بنائیں ۔) تین بار دہرائیں ۔اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے پانچ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں

ٹانکا بند کر کے اون کو کاٹ لیں ۔

ٹانکے شمار کرلیں ۔ فی کونہ ۔ دس سادہ ٹانکے ۔ چار آدھے بڑے ٹانکے ۔ بارہ وی ٹانکے ۔ سات سیپیاں ۔ چار آدھے بڑے ٹانکوں اور پانچ ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے بڑے ٹانکوں والی ۔




اشارہ ۔ پھولی مکئی ٹانکے کو مکمل کرنے والا ایک زنجیر ٹانکا اس کے بعد بتائے گئے زنجیر ٹانکوں کی گنتی میں شامل نہیں کیا جاتا ہے ۔

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

**نواسیواں چکر ۔**

پچھلے چکر کے کھڑے سادہ ٹانکے سے پہلے چکر نمبر اسی کے چوتھے ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔ ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔ (اگلے وی ٹانکے میں پھولی مکئی ٹانکا بنائیں ۔ دو زنجیر ٹانکے بنائیں ۔) دو بار دہرائیں ۔

اگلے وی ٹانکے میں پھولی مکئی ٹانکا بنائیں ۔ تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔ اگلے تین ٹانکوں کی (اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ تین زنجیر ٹانکے بنائیں ۔ اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔)

سات بار دہرائیں ۔ (اگلے وی ٹانکے میں پھولی مکئی ٹانکا بنائیں ۔ دو زنجیر ٹانکے بنائیں ۔) دو بار دہرائیں ۔ اگلے وی ٹانکے میں پھولی مکئی ٹانکا بنائیں ۔ ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔ اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلے پانچ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔

ٹانکا بند کرکے اون کو کاٹ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کرئیں ۔ فی کونہ ۔ دس سادہ ٹانکے ۔ اکیس ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصے میں بنے سادہ ٹانکے ۔ چار آدھے بڑے ٹانکے ۔ آٹھ بڑے ٹانکے ۔ بارہ پھولی مکئی ٹانکے ۔ ایک زنجیر ٹانکے والی دو جگہ ۔ دو زنجیر ٹانکے والی چار

جگہ ۔ تین زنجیر ٹانکے والی چودہ جگہ ۔




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

**نویواں چکر ۔**

پچھلے چکر کے کھڑے سادہ ٹانکے سے پہلے چکر نمبر اسی کے چوتھے ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے چودہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلی ایک زنجیر جگہ میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔

(اگلے پھولی مکئی **ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے سادہ ٹانکا** بنائیں ۔ اگلی دو زنجیر جگہ میں دو سادہ ٹانکے بنائیں.) دو بار دہرائیں ۔

(اگلے پھولی مکئی **ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے سادہ ٹانکا** بنائیں ۔ اگلی تین زنجیر جگہ میں تین سادہ ٹانکے بنائیں ۔ اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلی تین زنجیر جگہ میں تین سادہ ٹانکے بنائیں ۔) دو بار دہرائیں ۔

اگلے پھولی مکئی **ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے آدھا بڑا ٹانکا** بنائیں ۔ اگلی تین زنجیر جگہ میں تین آدھے بڑے ٹانکے بنائیں۔ اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ اگلی تین زنجیر جگہ میں تین آدھے بڑے ٹانکے بنائیں ۔

اگلے پھولی مکئی **ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا** بنائیں ۔ اگلی تین زنجیر جگہ میں تین بڑے ٹانکے بنائیں ۔ اگلے ٹانکے میں دو بڑے ٹانکے بنائیں ۔ اگلے ٹانکے میں تین ۔ تین بل ٹانکے بنائیں ۔ اگلے ٹانکے میں دو بڑے ٹانکے بنائیں ۔ اگلی تین زنجیر جگہ میں تین بڑے ٹانکے بنائیں ۔ اگلے پھولی مکئی **ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بڑا ٹانکا** بنائیں ۔

(اگلی تین زنجیر جگہ میں تین سادہ ٹانکے بنائیں ۔ اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلی تین زنجیر جگہ میں تین

سادہ ٹانکا بنائیں ۔اگلے پھولی مکئی **ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے سادہ ٹانکا** بنائیں ۔ ) دو بار دہرائیں ۔

اگلی دو زنجیر جگہ میں دو سادہ ٹانکے بنائیں ۔ اگلے پھولی مکئی **ٹانکے کے گرد اگلی طرف سادہ ٹانکا** بنائیں ۔) دو بار دہرائیں

اگلی ایک زنجیر جگہ میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے پندرہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔

ٹانکا بند کرکے اون کو کاٹ لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔ فی کونہ ۔ چھہتر سادہ ٹانکے ۔ آٹھ ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے ۔ اٹھارہ آدھے بڑے ٹانکے ۔ دو ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے آدھے بڑے ٹانکے ۔ دس بڑے ٹانکے ۔ دو ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے ۔ تین ۔ تین بل ٹانکے ۔




Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.

چکر نمبر نوے کے سوا تمام سروں کو محفوظ کر لیں ۔

## حصہ ششم اختتام پذیر ہوا ۔

اس وقت کام کو بلاک کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔

ہمارے کروشے آلونگ میں شامل ہونے کا شکریہ ۔

مدد اور رہنمائی کے لئے ہمارا فیس بک پیج گروپ ہیلنز ہکوہولک میں شامل ہو سکتے ہیں ۔

https://www.facebook.com/groups/helenshookaholics/

♡برائے مہربانی اس بات کو یاد رکھئے گا کہ یہ میرا ڈیزان ہے ۔ اور اس پہ کاپی رائٹ ایکٹ لاگو ہے ۔ آپ میرا لنک یا ویب سائٹ یا ریولری سٹور کی معلومات کسی کو بھی دئے سکتے ہیں ۔ آپ اسکا پی ڈی ایف اپنے استعمال کے لئے چھاپ سکتے ہیں لیکن برائے مہربانی اس میں کچھ بھی تبدیل یا بدل نہیں سکتے نہ ہی شئیر کر سکتے ہیں ۔ برائے مہربانی میرا احترام

جیسے کی میں آپ کا کرتی ہوں

♡آپکی ہیلن

Original Design by Helen Shrimpton ♥ Copyright © 2019 ♥ All Rights Reserved.